08/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُن

مردم شماری

مرکز نے 2027 کی مردم شماری کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں پہلے مرحلے کے تحت اِس سال پہلی اپریل سے 30 ستمبر تک مکانوں کی گنتی کی جائے گی، جبکہ دوسرے مرحلے میں اگلے سال فروری میں آبادی کی گنتی کا عمل انجام دیا جائے گا۔البتہ مرکز کے زیرِ انتظام علاقے جموں و کشمیر اور لداخ نیز ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آبادی کی گنتی اِس سال ستمبر میں ہی کی جائے گی۔

امورِ داخلہ کی وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ہر ریاست اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کی جانب سے نوٹیفائی کئے گئے نظام الاوقات کے مطابق گھر گھر جاکر مکانوں کی گنتی کا عمل شروع ہونے سے پہلے از خود تفصیل فراہم کرنے کا سلسلہ 15 دن جاری رہے گا۔

ملک میں ڈجیٹل طریقے سے پہلی بار مردم شماری کی جائے گی اور موبائل ایپ کا استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا حاصل کیا جائے گا۔

GDP

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں اصلاحات کا عمل تیز رفتاری کے ساتھ جاری ہے کیونکہ موجودہ مالی سال میں ملک کی حقیقی GDP کی شرح ترقی 7 اعشاریہ 4 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے، جبکہ گذشتہ مالی سال میں یہ ساڑھے چھ فیصد رہی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ،اِن اعداد و شمار کے تناظر میں ،وزیراعظم نے کہا کہ ترقی کے اِس منظر نامے میں NDA سرکار کی جانب سے سرمایہ کاری اور مانگ پر مبنی پالیسی اقدامات کو تقویت پہنچانے کا اہم رول ہے۔

ليفٹنٹ گورنر

ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے کہا کہ وه اپنے خوابوں کو اپنی زندگی کا بنيادی مقصد بنا کر زندگی ميں آنے ولاے ہر چيلنج کو ايک سبق اور تجربے کے بطور قبول کرتے ہوئے سماج اور قوم کی تعمير ميں اپنی مثبت ذمہ داری انجام ديں ۔

ليڈرس Young وه نئی دلی ميں منعقد ہونے ولاے 29 ويں نيشنل يوته فسٹيول وکست بهارت
ميں شرکت کرنے کےلئے جموں کشمير سے تعلق رکهنے ولاے نوجوانوں کے Dialogue 2026 53 رکنی دستے کو روانہ کرتے وقت بول رہے تهے ۔

وزير ٰ اعلی

نوجوانوں اور خواتين کو شمولياتی اور دائمی ترقی ميں مرکزی اہميت کا حامل بتاتے ہوئے وزير ٰ اعلی عمر عبدالله نے روزگار کے زياده سے زياده مواقعے پيدا کرنے پر زور ديا ہے جس کے لئے انہوں نے خاص طور پر مشن يووا کے تحت کارخانہ داری کو فروغ دينے اور سيلف ہيلپ گروپوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

سانبہ ضلعے کے ترقياتی منظر نامے کا تفصيلی جائزهليتے ہوئے انہوں نے کہا کہ يہ افسروں کی ذمہ داری ہے کہ وه تمام پروجيکٹوں کی بر وقت تکميل يقينی بنانے کے لئے ہمہ وقت سر گرم
رہيں ۔

اس دوران وِ جے

ٹرافی کا خطاب جيتنے ولای انڈر 16 کرکٹ ٹيم نے وزير ٰ اعلی سے Merchant
آج ملاقات کی ۔ وزير ٰ اعلی نے ٹيم کے ارکان سے کہا کہ انہوں نے اس شاندار جيت کے ساته پورے جموں کشمير کا سر فخر سے اونچا کيا ہے ۔

پاسپورٹ

ريجنل پاسپورٹ آفس سرينگر کی طرف سے آج اور کل کپواڑه ميں عاملوگوں کی سہولت کےلئے ايک موبائل پاسپورٹ وين تعينات ہے۔

ريجنل پاسپورٹ آفيسر سرينگر بی ايس راوت نے کہا ہے کہ يہ گاڑی ڈپٹی کمشنر دفتر پارک ميں موجود ہے، جہاں سےلوگ پاسپورٹ سے جڑی خدمات حاصل کر سکتے ہيں ۔

DCs

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ضلعے کے دیہی علاقونمیں مرکزی معاونت والی فلیگ شپ پر زور دیا ہے ۔ وہ اس سلسلے میں منعقدہ ضلع افسروں کی ایک میٹنگ Saturation سکیموں کی میں بول رہے تھے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ضلعے میں تعمیر و ترقی کے سالانہ اہداف کو مقررہ وقت کے اندر حاصل کرنے پر زور دیا ہے ۔ وہ 2025-26 کے ضلع کیپیکس کے تحت کاموں کا جائزہ لے رہے تھے ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے جوابدہی کے ساتھ عوام کےلئے خدمات کی فراہمی میں بہتری لانے پر زور دیا ہے ۔ وہ کانجی اُلر میں منعقدہ بلاک دِوس کے پروگرام میں بول رہے تھے ۔

اسی طرح کا عوامی رابطہ کاری کا ایک پروگرام گاندربل کے کِج پارہ کنگن میں منعقد ہوا ، جہاں ضلعے کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے عوامی شکایات کی سنوائی کرنے کے علاوہ مختلف لیٹرس فراہم کئے ۔ Sanction سکیموں کے مستحقین کو

ڈپٹی کمشنرکپواڑہ شری کانت سوسے نے ڈی سی آفس کمپلیکس میں قائم کردہ ای گورننس کے اور ضلعے میں کام کرنے والے دوسرے کامن سروس سینٹروں کے Excellence نئے سینٹر آف کام کاج کا جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنرکولگام اطہر عامر خان نے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا کے تحت سبھی اہل کسانوں کا اندراج کرانے پر زور دیا ہے ۔ وہ ضلعے میں یوجنا پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں تعمیر و ترقی کے عمل کو ضروری معیار اور قریبی نگرانی کے ساتھ بر وقت مکمل کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

وہ بیروہ سب ڈویژن میں کلیدی اہمیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا معائینہ کر رہے تھے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****